پریس ریلیز

# جنرل ہسپتال میں زیر علاج تشدد کا شکار گھریلو ملازمہ رضوانہ کی پہلی پلاسٹک سرجری کر دی گئی

## نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی ہدایت پر متاثرہ لڑکی کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں: پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 16 اگست:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا ہے کہ لاہور جنرل ہسپتال میں زیر علاج تشدد کا شکار گھریلو ملازمہ رضوانہ کی پہلی پلاسٹک سرجری کر دی گئی ہے اور رضوانہ کے دونوں گالوں اور آنکھ کے زخم کی گرافٹنگ ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی ہدایت پر متاثرہ لڑکی کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں اور راؤنڈ دی کلاک ڈاکٹرز و نرسز اس کی نگہداشت پر مامور ہیں۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ زخموں کی صفائی اور گرافٹنگ ایک مشکل عمل ہے اور رضوانہ کی صحت بارے صوبائی وزیر صحت کو روزانہ کی بنیاد پر آگاہ کرتے ہیں۔ میڈیکل بورڈ کے سربراہ پروفیسر جودت سلیم نے کہا کہ رضوانہ کے سر اور کمر کے زخم صاف کر کے پٹی کی گئی ہے اور پلیٹ لیٹس اور خون کی مقدار بہتر ہو چکی ہے۔

☆☆☆☆